جمعہ 9 جون 2005ء

احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

روزنامہ الفضل
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

جمعرات 9 جون 2005ء یکم جمادی الاول 1426 ہجری 9 احسان 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 127

بترس از آہ مظلوماں

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک دفعہ خانہ کعبہ کے قریب نماز پڑھ رہے تھے کہ بعض مخالفین نے اونٹ کی اوجھڑی لاکر حالت سجدہ میں آپ پر ڈال دی۔ نماز کے بعد رسول اللہؐ نے ان کے نام لے کر بد دعا کی اور یہ سارے لوگ جنگ بدر میں قتل کئے گئے اور ان کی لاشیں گرمی کی وجہ سے متعفن ہو گئی تھیں۔ ان میں ابوجہل، عتبہ، شیبہ، امیہ اور عقبہ شامل تھے۔

(صحیح بخاری کتاب الجہاد باب الدعاء علی المشرکین حدیث نمبر 2717 و کتاب المغازی باب دعاء النبی علی کفار حدیث نمبر 3665

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

مرتبہٴ محبت پر انسان صرف خیالی طور پر اپنے تئیں نجات یافتہ قرار نہیں دیتا بلکہ اندر ہی اندر وہ محبت اس کو تعلیم دیتی ہے کہ خدا کی محبت تیرے ساتھ ہے اور پھر خدا کی محبت اس کے شامل حال ہو کر ایک سکینت اور شانتی اس کے دل پر نازل کرتی ہے اور خدا وہ معاملات اس سے شروع کر دیتا ہے جو خاص اپنے پیاروں اور مقبولوں سے کرتا آیا ہے یعنی اس کی اکثر دعائیں قبول کر لیتا ہے اور معرفت کی باریک باتیں اس کو سکھلاتا ہے اور بہت سی غیب کی باتوں پر اس کو اطلاع دیتا ہے اور اس کے منشاء کے مطابق دنیا میں تصرفات کرتا ہے اور عزت اور قبولیت کے ساتھ دنیا میں اس کو شہرت دیتا ہے اور جو شخص اس کی دشمنی سے باز نہ آوے اور اس کے ذلیل کرنے کے درپے رہے آخر اس کو ذلیل کر دیتا ہے اور اس کی خارق عادت طور پر تائید کرتا ہے اور لاکھوں انسانوں کے دلوں میں اس کی الفت ڈال دیتا ہے اور عجیب و غریب کرامتیں اس سے ظہور میں لاتا ہے۔ اور محض خدا کے الہام سے لوگوں کے دلوں کو اس کی طرف کشش ہو جاتی ہے تب وہ انواع واقسام کے تحائف اور نقد اور جنس کے ساتھ اس کی خدمت کے لئے دوڑتے ہیں اور خدا اس سے نہایت لذیذ اور پر شوکت کلام کے ساتھ مکالمہ مخاطبہ کرتا ہے جیسا کہ ایک دوست ایک دوست سے کرتا ہے وہ خدا جو دنیا کی آنکھ سے مخفی ہے وہ اس پر ظاہر ہو جاتا ہے اور ہر ایک غم کے وقت اپنی کلام سے اس کو تسلی دیتا ہے۔ وہ اس سے سوال و جواب کے طور پر اپنے فصیح اور لذیذ اور پر شوکت کلام کے ساتھ باتیں کرتا ہے اور سوال کا جواب دیتا ہے اور جو باتیں انسان کے علم اور طاقت سے باہر ہیں وہ اس کو بتلا دیتا ہے مگر نہ نجومیوں کی طرح بلکہ ان مقتدر بادشاہوں کی طرح جن کی ہر ایک بات میں شاہانہ قدرت بھری ہوئی ہوتی ہے۔ وہ ایسی پیشگوئیاں اس پر ظاہر کرتا ہے جن میں اس کی عزت اور اس کے دشمن کے ذلت ہو اور اس کی فتح اور دشمن کی شکست ہو۔ غرض اسی طرح وہ اپنے کلام اور کام کے ساتھ اپنا وجود اس پر ظاہر کر دیتا ہے۔ تب وہ ہر ایک گناہ سے پاک ہو کر اس کمال تک پہنچ جاتا ہے جس کے لئے وہ پیدا کیا گیا ہے اور بغیر اس کے ممکن نہیں کہ کوئی کسی گناہ سے پاک ہو سکے۔ سب سے زیادہ انسان کے لئے مشکل یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کی ہستی پر اس کو یقین آجاوے اور اس کے دل میں یہ ایمان پیدا ہو کہ اس کی اطاعت سے دونوں جہانوں میں راحت اور آرام ملتا ہے اور اس کی نافرمانی تمام دکھوں کی جڑ ہے۔ پس اگر یہ معرفت پیدا ہو جائے تو پھر خود بخود انسان گناہ سے کنارہ کش ہو جاتا ہے کیونکہ وہ جانتا ہے اور یقین کرتا ہے کہ خدا دیکھ رہا ہے۔

(چشمہ معرفت۔ روحانی خزائن جلد 23 ص 420)

حضور انور کا خطبہ جمعہ

کینیڈا سے براہ راست

10 جون 2005ء کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ وینکوور کینیڈا سے براہ راست پاکستانی وقت کے مطابق جمعہ اور ہفتہ کی درمیانی شب 45-1 پر نشر ہو گا۔ پھر 11 جون بروز ہفتہ صبح 20-8 پر اور دوپہر 35-1 پر ٹیلی کاسٹ کیا جائے گا۔ (نظارت اشاعت)

اگر ایک آدمی باخدا اور سچا متقی ہو تو اس کی سات پشت تک بھی خدا رحمت اور برکت کا ہاتھ رکھتا ہے اور ان کی خود حفاظت فرماتا ہے (حضرت مسیح موعود)

جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے انٹرویو

1۔ جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے انٹرویو 8/اگست 2005ء بوقت 7 بجے صبح شروع ہوگا۔

2۔ جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے درخواست دہندگان امتحان کا نتیجہ نکلنے کے بعد فوری طور پر نتیجہ کی تحریری اطلاع دیں۔ نتیجہ کی اطلاع ملنے کے بعد انٹرویو کے لئے تفصیلی چٹھی بھجوائی جائے گی۔

3۔ داخلہ کے لئے میٹرک کے امتحان میں کم از کم B گریڈ (فرسٹ ڈویژن) ہونا ضروری ہے۔

4۔ ایف اے/ ایف ایس سی پاس امیدوار کی میٹرک یا ایف اے/ ایف ایس سی میں سے کسی ایک میں B گریڈ (فرسٹ ڈویژن) ہونا ضروری ہے۔

5۔ میٹرک پاس امیدوار کی عمر 17 سال سے اور ایف اے/ ایف ایس سی پاس امیدوار کی عمر 19 سال سے زائد نہ ہو۔

6۔ وکالت دیوان کی سابقہ چٹھی کا حوالہ ضرور دیں اور اپنا مکمل پتہ لکھیں۔

فون: 047-6213563

فیکس: 047-6212296

(وکیل الدیوان تحریک جدید ربوہ)

پھولوں کا شہزادہ

مے کشو! تازہ کریں پھر سنت بادہ چلو!
سوئے میخانہ بہ حسب گرمی وعدہ، چلو!

بعد اک مدت کے پھر آئی ہے یہ ٹھنڈی ہوا
اڑ کے پہنچو، سر کے بل جاؤ کہ پا پیادہ چلو

چل پڑے سوئے سفر تو لوٹ کے کیا دیکھنا
ہو کے پھر بیگانہ ہائے منزل و جادہ چلو!

داد اور بیداد تو ہے منحصر توفیق پر
جام ہو، مینا ہو یا پیمانۂ سادہ۔ چلو!

عندلیبان چمن کو ہو نوید سر خوشی!
بزم آرا پھر ہوا پھولوں کا شہزادہ چلو

نور کب دیکھا کسی نے خاک آنکھوں سے حبیب؟
اشک میں تبدیل کر کے دید کا مادہ چلو!

حضرت احمد سے لے کر حضرت مسرور تک
میں تو ہوں ساحرؔ در اقدس کا دلدادہ، چلو!

ایچ۔آر۔ساحرؔ

تقریب آمین

مکرمہ شازیہ انجم صاحبہ بنت مکرم محمد خان صاحب دارالنصر غربی منعم ربوہ لکھتی ہیں کہ خاکسارہ کے بیٹے عزیزم عبدالباری ولد مکرم عبدالقدوس صاحب (بعمر 6سال) اور بھتیجے عزیزم محمد اطہر ولد مکرم محمد طارق صفدر صاحب دارالنصر غربی منعم (بعمر 8 سال) نے قرآن کریم ناظرہ کا پہلا دور ختم کیا ہے۔ ان کی تقریب آمین مورخہ 2005ء کو خاکسارہ کی رہائش دارالنصر غربی منعم میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر مکرم عبدالسمیع خان صاحب ایڈیٹر روزنامہ الفضل نے بچوں سے قرآن کریم کا کچھ حصہ سنا اور دعا کرائی۔ اللہ تعالیٰ دونوں بچوں کو قرآن کریم کے نور سے منور فرمائے اور مزید قرآن سیکھنے اور سکھانے کی توفیق عطا فرمائے۔

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

تقریب آمین

مکرم محمد یوسف سلیم شاہد صاحب مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں کہ محمود آباد جہلم میں 8۔اپریل 2005ء کو تین بچوں کی تقریب آمین ہوئی۔ عزیزم نعمان احمد ولد مکرم ملک نعیم احمد صاحب نے 6 سال کی عمر میں، عزیزہ ارم بشیر بنت مکرم ملک بشیر احمد صاحب نے 7 سال کی عمر میں اور سائرہ فاروق بنت مکرم ملک فاروق احمد صاحب نے 7 سال کی عمر میں قرآن کریم ناظرہ مکمل کر لیا ہے۔ بعد از نماز ظہر ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا جس کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا اور نظم کے بعد قرآن کی شان اور قرآن کی محبت کے واقعات سیرت النبیؐ اور سیرت حضرت مسیح موعود سے پیش کئے گئے۔ اس کے بعد تینوں بچوں سے باری باری قرآن کریم سنا اور دعا کروائی۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ان بچوں کے دل و دماغ کو قرآن کریم کی برکت سے منور فرمادے اور دینی و دنیوی حسنات سے نوازے۔ آمین‘‘

اعلان دارالقضاء

(مکرم قاضی منور احمد صاحب بابت ترکہ مکرم قاضی محمد منیر صاحب)

مکرم قاضی منور احمد صاحب ساکن جوہر ٹاؤن لاہور نے درخواست دی ہے کہ میرے والد مکرم قاضی محمد منیر صاحب ولد مکرم قاضی حکیم محمد حسین صاحب آف کوروال ضلع سیالکوٹ بقضائے الٰہی وفات پا چکے ہیں۔ قطعہ نمبر 3/35 واقع محلّہ دارالعلوم شرقی برقبہ دس مرلہ ان کے نام بطور مقاطعہ گیر منتقل کردہ ہے۔ یہ قطعہ سب ورثاء کے نام بحصہ شرعی منتقل کر دیا جائے۔ ورثاء کی تقسیم درج ذیل ہے۔

1۔مکرم قاضی منور احمد صاحب (بیٹا)
2۔مکرم قاضی مظفر احمد صاحب (بیٹا)
3۔مکرم قاضی مبشر احمد صاحب (بیٹا)
4۔محترمہ نصرت ظہور صاحبہ (بیٹی)
5۔محترمہ مسرت ودود صاحبہ (بیٹی)
6۔محترمہ شفقت ناصر صاحبہ (بیٹی)
7۔محترمہ تنویر الاسلام صاحبہ (بیٹی)
8۔محترمہ بشارت منیر (مرحومہ) (بیٹی)

وارثان: عبدالسلام۔عبدالباسط۔عبدالاعلیٰ (بیٹے) سعادت منیر (بیٹی)۔ بدر منیر (بیٹی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس انتقال پر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دارالقضاء ربوہ کو اطلاع دیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

سانحہ ارتحال

مکرم منصور احمد خان صاحب ایڈمنسٹریشن سوسائٹی کراچی تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے والد مکرم خورشید احمد خان صاحب ابن مکرم عبدالکریم خان صاحب مرحوم سابق انسپکٹر مدارس کراچی بقضائے الٰہی مورخہ 23 مئی 2005ء کو بعمر 71 سال وفات پا گئے ان کی نماز جنازہ اسی روز بیت النصر کراچی میں محترم عطاء الرحمٰن صاحب صدر حلقہ سوسائٹی نے پڑھائی۔ موصی ہونے کے باعث ان کی میت 24 مئی کو ربوہ لے جائی گئی۔ اور بیت المبارک میں بعد از نماز عصر محترم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی۔ اور بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد مکرم چوہدری مبارک مصلح الدین احمد صاحب وکیل التعلیم نے دعا کرائی۔ مرحوم حضرت انوار حسین خان (شاہ آباد، یوپی) رفیق حضرت مسیح موعود کے پوتے اور حضرت عبدالرحیم صاحب نیر مربی افریقہ کے نواسے تھے۔ آپ نے اپنے پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ تین بیٹے اور تین بیٹیاں سوگوار چھوڑی ہیں۔ احباب جماعت کی خدمت میں درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند کرے، جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام سے نوازے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

میروڈبہ ٹورنامنٹ

(مجلس خدام الاحمدیہ مقامی ربوہ)

ربوہ کی روایتی کھیل میروڈبہ جو کہ خدام الاحمدیہ کے تحت ہونے والے ورزشی مقابلہ جات کا حصہ ہوتی ہے اس کو ربوہ میں رواج دینے کیلئے مجلس خدام الاحمدیہ مقامی ربوہ کے تحت مورخہ 3 جون 2005ء کو گھوڑ دوڑ گراؤنڈ میں میروڈبہ ٹورنامنٹ کا کامیاب انعقاد کیا گیا۔ ناک آؤٹ بنیاد پر کھیلے گئے اس یک روزہ ٹورنامنٹ میں کل 28 محلّہ جات کی ٹیموں نے حصہ لیا جن میں 350 سے زائد کھلاڑیوں نے شمولیت کی۔ چار گراؤنڈز پر بیک وقت ٹورنامنٹ بعد فجر شروع ہوا۔ اس ٹورنامنٹ کا فائنل اسی روز شام کو مجلس دارالرحمت غربی اور دارالنصر وسطی کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا جو کہ دارالرحمت غربی جیت کر نقد انعام وٹرافی کی حقدار ٹھہری۔ مہمان خصوصی مکرم مشہود احمد صاحب مہتمم امور طلبہ نے انعامات تقسیم کئے۔ حسن انتظام کے ساتھ ہونے والے اس ٹورنامنٹ کو شائقین کی بہت بڑی تعداد نے دیکھا۔ اور اس دلچسپ کھیل کو سراہا۔ اس ٹورنامنٹ کیلئے مقامی کو حلقہ دارالیمن وسطی سلام کا تعاون حاصل رہا۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

حفظان صحت اور طبی معاملات کے بارے میں حضرت مسیح موعود کے پاکیزہ ارشادات

صفائی کی تاکید، دوا اور دعا کا تعلق، وضو اور نماز کے فوائد اور بیماریوں کی حکمت

ترتیب: فرید احمد نوید صاحب

ظاہری پاکیزگی کا اثر باطن پر

"انسان کی دو حالتیں ہوتی ہیں جو شخص باطنی طہارت پر قائم ہونا چاہتا ہے وہ ظاہری پاکیزگی کا بھی لحاظ رکھے۔ پھر ایک دوسرے مقام پر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ ...... (البقرۃ: 223) یعنی جو لوگ باطنی اور ظاہری پاکیزگی کے طالب ہیں۔ مَیں اُن کو دوست رکھتا ہوں۔ ظاہری پاکیزگی باطنی طہارت کی مدد اور معاون ہے۔ اگر انسان اسے ترک کردے اور پاخانہ پھر کر بھی طہارت نہ کرے تو باطنی پاکیزگی پاس بھی نہیں پھٹکتی۔ پس یاد رکھو کہ ظاہری پاکیزگی اندرونی طہارت کو مستلزم ہے۔ اس لئے ہر...... کے لئے لازم ہے کہ کم از کم جمعہ کے دن ضرور غسل کرے۔ ہر نماز میں وضو کرے۔ جماعت کھڑی ہو تو خوشبو لگائے۔ عیدین اور جمعہ میں جو خوشبو لگانے کا حکم ہے وہ اسی بنا پر قائم ہے۔ اصل وجہ یہ ہے کہ لوگوں کے اجتماع کے وقت عفونت کا اندیشہ ہوتا ہے۔ اس لئے غسل کرنے اور صاف کپڑے پہننے اور خوشبو لگانے سے سمیّت (زہر) اور عفونت سے روک ہوگی۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے زندگی میں یہ قانون مقرر کیا ہے۔ ویسا ہی قانون مرنے کے بعد بھی رکھا ہے۔"

(ملفوظات جلد اوّل صفحہ 164)

صفائی رکھنے کی تاکید

حضرت مفتی صادق صاحب کے مکان کی نسبت دریافت کر کے فرمایا کہ:

"اس کے مالکوں کو کہو کہ روشندان نکال دیں اور آج کل گھروں میں خوب صفائی رکھنی چاہئے کپڑوں کو بھی ستھرا رکھنا چاہئے۔ آج کل دن بہت سخت ہیں اور ہوا زہریلی ہے اور صفائی رکھنا تو سنت ہے۔ قرآن شریف میں بھی لکھا ہے۔ وَثِیَابَکَ فَطَھِّرْ (-) (المدثر:5-6)۔" (ملفوظات جلد 2 صفحہ 576)

وباؤں سے بچاؤ کے لئے

حضرت مسیح موعود نے سید فضل شاہ صاحب کو یہ فرمایا کہ:

"آپ کا کمرہ بہت تاریک رہتا ہے اور اس میں نم بھی بہت زیادہ معلوم ہوتی ہے۔ آج کل وبائی دن ہیں۔ رعایت اسباب کے لحاظ سے ضروری ہے کہ وہاں آگ وغیرہ جلا کر مکان گرم کرلیا کریں۔"

(ملفوظات جلد دوم صفحہ 690)

دوا اور دعا کا باہم ربط

ان تمام تر احتیاطوں اور اسباب کے ساتھ ساتھ حضرت مسیح موعود نے اصل احتیاط اور علاج دعا کو ہی قرار دیا ہے کیونکہ علاج اور احتیاط کی بھی ایک حد ہے اور اس سے آگے تمام تر معاملہ اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحم پر موقوف ہے۔

امراض و بائیہ کا تذکرہ ہوا تو فرمایا:

"یہ ایام برسات کے معمولاً خطرناک ہوا کرتے ہیں۔ ہند کے طبیب کہتے ہیں کہ ان تین مہینوں میں جو بچ رہے وہ گویا نئے سرے سے پیدا ہوتا ہے۔"

پھر فرمایا:

"یہ جاڑا بھی خوفناک ہی نظر آتا ہے۔"

فرمایا:

"اطباء بڑے بڑے پرہیزوں اور حفظ ماتقدم کے لئے احتیاطیں بتاتے ہیں۔ اگرچہ سلسلہ اسباب کا اور اُن کی رعایت درست ہے مگر میں کہتا ہوں کہ محدود العلم ضعیف انسان کہاں تک بچار بچار کر غذا اور پانی کا استعمال کیا کرے۔ میرے نزدیک تو استغفار سے بڑھ کر کوئی تعویذ وحرز اور کوئی احتیاط و دوا نہیں۔ مَیں تو اپنے دوستوں کو کہتا ہوں کہ خدا تعالیٰ سے صلح وموافقت پیدا کرو اور دعاؤں میں مصروف رہو۔"

(ملفوظات جلد اوّل صفحہ 201)

اسباب سے فائدہ اُٹھانا منع نہیں ہے

اللہ تعالیٰ نے صحت کی بحالی اور بیماریوں سے بچاؤ کیلئے جو بھی اسباب عطا کر رکھے ہیں ان سے فائدہ اُٹھانا منع نہیں ہے لیکن دنیاداروں کی طرح محض اسباب پر ہی مکمل بھروسہ کرلینا اور دواؤں اور اسباب کو یقینی قرار دے دینا درست نہیں ہے کیونکہ علاج بھی اللہ تعالیٰ کے فضل کے بغیر فائدہ نہیں دیتے۔ حضور فرماتے ہیں۔

"رعایت اسباب ہماری۔۔۔ شریعت میں منع نہیں ہے کسی شخص نے حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ ہم دوا کریں۔ آپ نے جواب میں فرمایا: کہ ہاں دوا کرو۔ کوئی مرض ایسا نہیں جس کی دوا نہ ہو۔ ہاں یہ بالکل سچی بات ہے کہ کوئی بَید یا ڈاکٹر یہ دعویٰ نہیں کرسکتا کہ اُس کی فلاں دوا ضرور فائدہ کرے گی۔ اگر ایسا ہوتا تو پھر کوئی شخص کیوں مرتا۔ طبیبوں اور ڈاکٹروں کو چاہئے کہ متقی بن جاویں۔ دوا بھی کریں اور دعا بھی۔ تنہائی میں بہت بہت دعائیں مانگیں جن لوگوں نے گھمنڈ کیا تھا اللہ تعالیٰ نے اُن کو ہی ذلیل کیا۔ لکھا ہے کہ جالینوس کو اسہال کے بند کرنے کا بڑا دعویٰ تھا۔ خدا کی شان کہ وہ خود اسی مرض کا شکار ہوا۔ اسی طرح بعض طبیب مدقوق ہوکر اور بعض مسلول ہوکر اس دنیا سے چل دیئے۔"

(ملفوظات جلد اوّل صفحہ 165)

رعایت اسباب

"اگرچہ سوائے اذن الٰہی کے کچھ نہیں ہوتا مگر تاہم احتیاط کرنی ضروری ہے کیونکہ اس کے لئے بھی حکم ہی ہے۔ احادیث میں جو متعدی امراض کے ایک دوسرے سے لگ جانے کی نفی ہے اس کے بھی یہی معنی ہیں ورنہ کیسے ہوسکتا ہے کہ امور مشہودہ اور محسوسہ کا انکار کیا جاوے۔ اس سے کوئی یہ نہ دھوکا کھاوے کہ ہمارا اعتقاد قال اللہ وقال الرسول کے برخلاف ہے۔ ہرگز نہیں بلکہ ہم تو قرآن شریف کی اس آیت پر عمل کرتے ہیں۔ (-) (ھود: 114) رعایت اسباب کرنی قدیم سنت انبیاء کی ہے جیسے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جنگ میں جاتے تو خود زرہ وغیرہ پہنتے خندق کھودتے، بیماری میں دوائیں استعمال کرتے۔ اگر کوئی ترکِ اسباب کرتا ہے تو وہ خدا کا امتحان کرتا ہے جو کہ منع ہے"۔ (ملفوظات جلد سوم صفحہ 635)

"ایک شبہ پیدا ہوتا ہے کہ شاید ہم استعمال اسباب سے منع کرتے ہیں یہ صحیح نہیں ہے ہم اسباب کے استعمال سے منع نہیں کرتے بلکہ رعایت اسباب بھی ضروری ہے کیونکہ انسانی بناوٹ بجائے خود اس رعایت کو چاہتی ہے لیکن اسباب کا استعمال اس حد تک نہ کرے کہ اُن کو خدا کا شریک بنادے بلکہ اُن کو بطور خادم سمجھے۔ جیسے کسی کو بٹالہ جانا ہو تو وہ یکہ یا ٹٹو کرایہ کرتا ہے۔ تو اصل مقصد اس کا بٹالہ پہنچنا ہے نہ وہ ٹٹو یا یکہ۔ پس اسباب پر کلّی بھروسہ نہ کرے یہ سمجھے کہ ان اسباب میں اللہ تعالیٰ نے کچھ تاثیریں رکھی ہیں۔ اگر اللہ تعالیٰ نہ چاہے تو وہ تاثیریں بیکار ہو جائیں اور کوئی نفع نہ دیں۔ اسی کے موافق ہے جو مجھے الہام ہوا ہے رَبِّ کُلُّ شَیْءٍ خَادِمُکَ"

(ملفوظات جلد سوم صفحہ 3)

صرف اسباب اور دواؤں پر بھروسہ نہ کریں

طاعون کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

"اصل میں لوگ اس کے حقیقی علاج کی طرف سے تو بالکل غافل ہیں اور اِدھر اُدھر ہاتھ پاؤں مارتے پھرتے ہیں مگر جب تک وہ اس کے اصل علاج کی طرف رجوع نہ کریں گے تب تک نجات کہاں؟ کوئی طبیبوں یا ڈاکٹروں کی طرف بھاگتا ہے اور کوئی ٹیکہ کے واسطے بازو پھیلاتا ہے کوئی نئے تجربہ اور نئی ایجاد کے درپے ہے۔ ہماری شریعت نے اگرچہ اسباب سے منع نہیں کیا بلکہ فِیْہِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ سے معلوم ہوتا ہے کہ دواؤں میں خدا تعالیٰ نے خواص شفاء مرض بھی رکھے ہوئے ہیں اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ دواؤں میں تاثیرات ہوتی ہیں اور امراض کے معالجات ہوا کرتے ہیں مگر ان اسباب پر بھروسہ کرلینا اور یہ گمان کرنا کہ انہیں کے ذریعہ سے نجات اور کامیابی ہوجاوے گی یہ سخت شرک اور کفر ہے۔ بھروسہ اسباب پر ہرگز نہ چاہئے بلکہ یوں چاہئے کہ اسباب کو مہیا کرکے پھر بھروسہ خدا تعالیٰ پر کرنا چاہئے اور اگر وہ چاہے تو ان اسباب کو مفید بنادے اور اُسی سے پھر بھی دعا کرنی چاہئے کیونکہ اسباب پر نتائج مرتب کرنا تو اُسی کا کام ہے اور یہی توکل ہے۔"

(ملفوظات جلد سوم صفحہ 188)

30 سال کی عمر کے بعد احتیاط کریں

حضرت مولانا مولوی نوردین صاحب کی طبیعت 31/ جولائی 1898ء سے بعارضہ درد شکم علیل تھی تو حضرت اقدس نے آدمی بھیج کر خبر منگوائی اور افاقہ کی خبر سن کر اَلْحَمْدُ لِلّٰہ فرمایا اور فرمایا:

"مولوی صاحب کا سن اب انحطاط کا ہے اس لئے بڑی احتیاط کی ضرورت ہے گویا پھونک پھونک کر قدم رکھنا چاہئے زندگی اور موت تو اللہ تعالیٰ کے قبضہ قدرت میں ہے لیکن انسان کو یہ بھی مناسب نہیں کہ وہ اسباب کی رعایت نہ رکھے۔

پھر فرمایا کہ

دراصل انحطاط کا زمانہ 30 سال کے بعد سے شروع ہوجاتا ہے۔ افراط اور تفریط اس سن میں اچھی نہیں ہوتی۔ مَیں نے بعض آدمی دیکھے ہیں کہ گِنا نَپا آٹا دیتے اور پانی بھی اندازہ اور وزن کے ساتھ کھاتے پیتے ہیں اور بعض یہاں تک بڑھ جاتے ہیں کہ ان کو کسی قسم کا اندازہ نہیں رہتا۔ یہ دونوں باتیں

ٹھیک نہیں۔

جیسا کہ میں نے کہا زمانہ شباب تیس سال تک ہے اور یہ بھی اس صورت میں کہ قویٰ مضبوط اور تندرست ہوں ورنہ بعض تو اوائل ہی میں تشبہ بالشیوخ رکھتے ہیں‘‘۔ (ملفوظات جلد اوّل صفحہ 177)

وضو اور نماز کے طبی فوائد

شریعت کے احکامات میں ایک طرف تو انسان کیلئے روحانی فوائد ہیں اور دوسری طرف جسمانی صحت کیلئے بھی یہ چیزیں مفید ہیں۔ فرمایا:

’’نماز کا پڑھنا اور وضو کا کرنا طبی فوائد بھی اپنے ساتھ رکھتا ہے۔ اطباء کہتے ہیں کہ اگر کوئی ہر روز منہ نہ دھوئے تو آنکھ آ جاتی ہے اور یہ نزول الماء کا مقدمہ ہے اور بہت سی بیماریاں اس سے پیدا ہوتی ہیں۔ پھر بتلاؤ کہ وضو کرتے ہوئے کیوں موت آتی ہے۔ بظاہر کیسی عمدہ بات ہے۔ منہ میں پانی ڈال کر کلّی کرنا ہوتا ہے۔ مسواک کرنے سے منہ کی بدبو دور ہوتی ہے۔ دانت مضبوط ہو جاتے اور دانتوں کی مضبوطی غذا کے عمدہ طور پر چبانے اور جلد ہضم ہو جانے کا باعث ہوتی ہے۔ پھر ناک صاف کرنا ہوتا ہے۔ ناک میں کوئی بدبو داخل ہو تو دماغ کو پراگندہ کر دیتی ہے۔ اب بتلاؤ کہ اس میں برائی کیا ہے۔ اس کے بعد وہ اللہ تعالیٰ کی طرف اپنی حاجات لے جاتا ہے اور اس کو اپنے مطالب عرض کرنے کا موقع ملتا ہے۔ دعا کرنے کیلئے فرصت ہوتی ہے۔ زیادہ سے زیادہ نماز میں ایک گھنٹہ لگ جاتا ہے اگرچہ بعض نمازیں تو پندرہ منٹ سے بھی کم میں ادا ہو جاتی ہیں۔ پھر بڑی حیرانی کی بات ہے کہ نماز کے وقت کو تضیع اوقات سمجھا جاتا ہے۔ جس میں اس قدر بھلائیاں اور فائدے ہیں اور اگر سارا دن اور ساری رات لغو اور فضول باتوں یا کھیل اور تماشوں میں ضائع کر دیں تو اس کا نام مصروفیت رکھا جاتا ہے اگر قوی ایمان ہوتا، قوی تو ایک طرف اگر ایمان ہی ہوتا تو یہ حالت کیوں ہوتی اور یہاں تک نوبت کیوں پہنچتی‘‘۔

(ملفوظات جلد اوّل صفحہ 407)

مصیبت سے پہلے اپنی اصلاح کرلو

’’حدیث شریف میں آیا ہے کہ مصیبت کے وارد ہونے سے پہلے جو دعا کی جائے وہ قبول ہوتی ہے کیونکہ خوف و خطر میں مبتلا ہونے کے وقت تو ہر شخص دعا اور رجوع الی اللہ کر سکتا ہے۔ سعادت مندی یہی ہے کہ امن کے وقت دعا کی جائے۔ انسان کو چاہئے کہ ان لوگوں کی حالت سے عبرت حاصل کرے جو اس خطرہ میں مبتلا ہیں۔ یہاں سے تو بہت قریب گاؤں میں یہ بیماری پھیلی ہوئی ہے۔ وہاں کے حالات دریافت کر کے ہر شخص قبل از وقت عبرت حاصل کر سکتا ہے۔ اس وقت تک ضلع جالندھر میں یہ مرض بہت ترقی پر ہے۔ گو ضلع ہوشیار پور میں کچھ کمی ہے۔

تاہم میں یقین نہیں کرتا کہ وہ بالکل ناپید ہو جائے گی۔ ابھی جاڑا آنے والا ہے۔ اس لئے پہلے ہی سے اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آ جاؤ۔ نمازوں کو باقاعدہ التزام سے پڑھو۔ بعض لوگ صرف ایک ہی وقت کی نماز پڑھ لیتے ہیں۔ وہ یاد رکھیں کہ نمازیں معاف نہیں ہوتیں۔ یہاں تک کہ پیغمبروں تک کو معاف نہیں ہوئیں۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک نئی جماعت آئی۔ انہوں نے نماز کی معافی چاہی آپؐ نے فرمایا کہ جس مذہب میں عمل نہیں وہ مذہب کچھ نہیں۔ اس لئے اس بات کو خوب یاد رکھو اور اللہ تعالیٰ کے احکام کے مطابق اپنے عمل کر لو۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نشانوں میں سے ایک یہ بھی نشان ہے کہ آسمان اور زمین اس کے امر سے قائم رہ سکتے ہیں۔ بعض دفعہ وہ لوگ جن کی طبائع طبیعیات کی طرف مائل ہیں کہا کرتے ہیں کہ نیچری مذہب قابل اتباع ہے۔ کیونکہ اگر حفظ صحت کے اصولوں پر عمل نہ کیا جائے تو تقویٰ اور طہارت سے کیا فائدہ ہوگا؟ سو واضح رہے کہ اللہ تعالیٰ کے نشانوں میں سے یہ بھی ایک نشان ہے کہ بعض وقت ادویات بے کار رہ جاتی ہیں اور حفظِ صحت کے اسباب بھی کسی کام نہیں آ سکتے۔ نہ دَوا کام آ سکتی ہے نہ طبیب حاذق۔ لیکن اگر اللہ تعالیٰ کا امر ہو تو اُلٹا سیدھا ہو جایا کرتا ہے‘‘۔ (ملفوظات جلد اوّل صفحہ 172)

بیماری بطور سزا اور عذاب

جب دنیا میں فسق و فجور پھیل جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے لوگ دور جا پڑتے ہیں اور اس سے لاپروا ہو جاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ بھی ان کی پروا نہیں کرتا ہے۔ ایسی صورت میں پھر اس قسم کی وبائیں بطور عذاب نازل ہوتی ہیں ان بلاؤں اور وباؤں کے بھیجنے سے اللہ تعالیٰ کی غرض یہ ہوتی ہے کہ دنیا پر اللہ تعالیٰ کی توحید اور عظمت ظاہر ہو اور فسق و فجور سے لوگ نفرت کر کے نیکی اور راستبازی کی طرف توجہ کریں اور خدا تعالیٰ کے مامور کی طرف جو اس وقت دنیا میں موجود ہوتا ہے توجہ کریں۔ اس زمانہ میں بھی فسق و فجور کے سیلاب کا بند ٹوٹ گیا ہے۔ راستبازی، تقویٰ عفت اور خدا ترسی اور خداشناسی بالکل اُٹھ گئی تھی۔ دین کی باتوں پر ہنسی کی جاتی تھی۔ پس اللہ تعالیٰ نے اپنے وعدہ کے موافق جو اُس نے اپنے نبیوں اور رسولوں کی زبان پر کیا تھا کہ مسیح موعود کے وقت دنیا میں مری بھیجوں گا اس طاعون کو اصلاح خلق کے لئے مسلّط کیا ہے۔ طاعون کو برا کہنا بھی گناہ ہے یہ تو خدا تعالیٰ کا ایک مامور ہے جیسا کہ مَیں نے ہاتھی والی رویا میں دیکھا تھا، لیکن مَیں دیکھتا ہوں کہ باوجود اس کے کہ بعض دیہات بالکل برباد ہو گئے ہیں اور ہر جگہ یہ آفت برپا ہے تو بھی ان شوخیوں، شرارتوں اور بیباکیوں میں فرق نہیں آیا جو اس سے پہلے بھی تھیں۔ مکر و فریب، ریاکاری بدستور پھیلی ہوئی ہے‘‘۔ (ملفوظات جلد سوم صفحہ 634)

بے وقت موتوں کا زمانہ

’’دیکھو یہ زمانہ بے وقت موتوں کا زمانہ آ گیا ہے۔ بھلا پہلے کبھی تم نے اپنے باپ دادا سے بھی سنا ہے کہ اس طرح اچانک موت کا سلسلہ کبھی جاری ہوا ہو۔ رات کو اچھا بھلا کام کاج کرتا اور چلتا پھرتا آدمی سوتا ہے اور صبح کو ایسی نیند میں سویا ہوا ہوتا ہے کہ جس سے جاگنا ہی نہیں۔ اب جس گھر میں یہ موت آئی گھر کا گھر اور گاؤں کے گاؤں اُس نے خالی کر دیئے ابھی انجام کی خبر نہیں۔ کیا کیا دن آنے ہیں۔ ایک نادان اپنی نادانی کی وجہ سے جب طاعون چند دن کے لئے رک جاتی ہے اور خدا تعالیٰ کسی مصلحت سے اُسے بند کرتا ہے وہ کہتا ہے بس اب گئی اب نہیں آئے گی۔ او میاں! ایسا ہمیشہ ہی ہوا کرتا ہے کہ بیماریاں آتی ہیں چار دن رہ کر چلی جاتی ہیں مگر خدا کی باریک تدابیر سے وہ ناواقف ہیں۔ وہ نہیں جانتے کہ وہ مہلت دیتا ہے کہ بھلا ابھی ان میں کچھ صلاحیت اور تقویٰ اور خوف بھی پیدا ہوا ہے یا نہیں۔

اس طاعون کا پچھلا تجربہ بتاتا ہے کہ ایک ایک دَورہ ستر ستر سال کا ہوا کرتا ہے۔ اس سے تو جنگل کے جانوروں نے بھی پناہ مانگی ہے۔ جب انسانوں کو ختم کر چکتی ہے تو جنگل کے حیوانوں اور درندوں کو بھی ختم کر دیتی ہے ایسے وقتوں میں خدا تعالیٰ بچا لیتا ہے ان لوگوں کو جو ان مصائب اور عذابوں کے نازل ہونے سے پہلے اپنے آپ کی اصلاح کرتے اور دوسروں سے عبرت پکڑتے ہیں۔ خدا تعالیٰ ان کی حفاظت خود کرتا ہے عذابوں اور شدائد کے وقتوں میں جو آرام اور عیش کے وقت میں اس سے ڈرتے اور پناہ مانگتے ہیں۔ مگر جب عذاب کسی پر نازل ہو جاوے تب توبہ بھی قبول نہیں ہوتی‘‘۔ (ملفوظات جلد سوم ص 177)

اپنے آپ کو درست کرلو

’’پس اب موقعہ ہے کہ تم خدا تعالیٰ کے سامنے اپنے آپ کو درست کر لو اور اس کے فرائض کی بجا آوری میں کمی نہ کرو۔ خلق اللہ سے کبھی بھی خیانت، ظلم، بدخلقی، ترش روئی ایذاء دہی سے پیش نہ آؤ۔ کسی کی حق تلفی نہ کرو کیونکہ ان چیزوں کے بدلے بھی خدا تعالیٰ مواخذہ کرے گا۔ جس طرح خدا تعالیٰ کے احکام کی نافرمانی، اس کی عظمت، توحید اور جلال کے خلاف کرنے اور اس سے شرک کرنا گناہ ہیں اسی طرح اس کی خلق سے ظلم کرنا۔ اُن کی حق تلفیاں نہ کرو، زبان یا ہاتھ سے دکھ یا کسی قسم کی گالی گلوچ دینا بھی گناہ ہیں۔ پس تم دونو طرح کے گناہوں سے پاک بنو اور نیکی کو بدی سے خلط ملط نہ کرو‘‘۔

(ملفوظات جلد سوم صفحہ 177)

بیماریاں جہنم کا نمونہ بھی ہیں

’’برخلاف اس کے جو کچھ حالت انسان کی ہے وہ جہنم ہے۔ گویا خدا تعالیٰ کے سوا زندگی بسر کرنا یہ بھی جہنم ہے۔ پھر حدیث شریف سے یہ بھی پتہ لگتا ہے کہ تپ بھی حرارت جہنم ہی ہے۔ امراض اور مصائب جو مختلف قسم کے انسان کو لاحق حال ہوتے ہیں یہ بھی جہنم ہی کا نمونہ ہے اور یہ اس لئے کہ تا دوسرے عالم پر گواہ ہوں اور جزا و سزا کے مسئلہ کی حقیقت پر دلیل ہوں اور ......۔ مثلاً جذام ہی کو دیکھو کہ اعضاء گر گئے ہیں اور رقیق مادہ اعضاء سے جاری ہے۔ آواز بیٹھ گئی ہے۔ ایک تو یہ بجائے خود جہنم ہے۔ پھر لوگ نفرت کرتے ہیں اور چھوڑ جاتے ہیں۔ عزیز سے عزیز بیوی، فرزند، ماں باپ تک کنارہ کش ہو جاتے ہیں۔ بعض اندھے اور بہرے ہو جاتے ہیں۔ بعض اور خطرناک امراض میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ پتھریاں ہو جاتی ہیں اور پیٹ میں رسولیاں ہو جاتی ہیں۔ یہ ساری بلائیں اس لئے انسان پر آتی ہیں کہ وہ خدا سے دور ہو کر زندگی بسر کرتا ہے اور اُس کے حضور شوخی اور گستاخی کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی باتوں کی عزت اور پروا نہیں کرتا ہے۔ اُس وقت ایک جہنم پیدا ہو جاتا ہے‘‘۔ (ملفوظات جلد اوّل صفحہ 372)

لاکھوں بیماریاں

حقیقت یہ ہے کہ انسان کسی قدر بھی احتیاط کرے بیماریاں اتنی زیادہ اور مختلف اقسام کی ہیں کہ اگر اللہ کا فضل اُسے نہ بچائے تو بچنا ممکن نہیں ہے۔ اور پھر ایک بیماری کا علاج دس نئی بیماریوں کی بنیاد بن جاتا ہے اس حقیقت کو بیان کرتے ہوئے حضرت اقدس فرماتے ہیں۔

’’ہمارے والد صاحب مرحوم بھی مشہور طبیب تھے جن کا پچاس برس کا تجربہ تھا۔ وہ فرمایا کرتے تھے کہ حکمی نسخہ کوئی نہیں اور اصل حقیقت بھی یہی ہے کہ تصرف اللہ کا خانہ خالی رہتا ہے۔ خدا تعالیٰ کی طرف توجہ کرنے والا سعادت مند ہے۔ انسان مصیبت میں بد دماغ نہ ہو اور غیر اللہ پر بھروسہ نہ کرے۔ یکدفعہ ہی خفیف عوارض شدید ہونے لگ جاتے ہیں۔ کبھی قلب کا علاج کرتے کرتے دماغ پر آفت آ جاتی ہے کبھی سردی کے پہلو پر علاج کرتے کرتے گرمی کا زور چڑھ جاتا ہے۔ کون ان بیماریوں پر حاوی ہو سکتا ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ پر کامل بھروسہ کرنا چاہئے۔ انسان ان حشرات الارض اور سمّیات کو کب گن سکتا ہے۔ صرف بیماریوں کو بھی نہیں گن سکتا۔ لکھا ہے کہ صرف آنکھ ہی کی تین ہزار بیماریاں ہیں۔ بعض بیماریاں ایسی ہوتی ہیں کہ وہ ایسے طور پر غلبہ کرتی ہیں کہ ڈاکٹر نسخہ ہی نہیں لکھ چکتا جو بیمار کا خاتمہ ہو جاتا ہے‘‘۔

(ملفوظات جلد اوّل صفحہ 166)

بیماریوں کے فوائد

اللہ تعالیٰ نے بیماریوں اور تکالیف کا یہ سارا سلسلہ بھی بے فائدہ پیدا نہیں کیا بلکہ اس میں بھی انسان کیلئے رحمت کے بہت سے پہلو ہیں۔ ایک غیر مومن کیلئے جہاں بیماری مصیبت دکھائی دیتی ہے وہیں ایک مومن ان تکالیف کی وجہ سے خدا تعالیٰ کے قرب کے مدارج طے کرتا ہے۔ کثرت سے دعاؤں کی طرف توجہ ہوتی ہے اور ہر لحظہ خدا تعالیٰ یاد رہتا ہے۔

(باقی صفحہ 12 پر)

ضلع اٹک (سابق کیمبل پور) میں

احمدیت کا آغاز اور رفقاء حضرت مسیح موعود

مکرم محمود مجیب اصغر صاحب

ضلع اٹک صوبہ پنجاب کا آخری ضلع ہے جس کے آگے صوبہ سرحد شروع ہوتا ہے۔ اس کا نام پہلے کیمبل پور تھا۔ سن 1904ء سے پہلے یہ علاقہ ضلع راولپنڈی میں شامل تھا لیکن 1904ء میں حکومت نے اسے الگ ضلع بنا دیا۔ 2004ء میں ضلع کی سوسالہ تقریبات منعقد کی گئیں اور حکومت نے ڈاک ٹکٹ بھی جاری کیا اور اخباروں اور بعض رسالوں نے بھی اس مقصد کے لئے خصوصی صفحات شائع کئے۔ ان کوائف کے مطابق ضلع اٹک کا رقبہ سترہ لاکھ ایکڑ سے زائد اور موجودہ آبادی تقریباً چودہ لاکھ نفوس پر مشتمل ہے۔ ضلع کی اسی فیصد آبادی دیہی علاقوں پر مشتمل ہے اور زراعت کا انحصار بارش پر ہوتا ہے جسے بارانی علاقہ کہتے ہیں۔

اب اس ضلع میں چھ تحصیلیں بنادی گئی ہیں۔

1۔اٹک، 2۔فتح جنگ، 3۔جنڈ، 4۔پنڈی گھیپ، 5۔حضرو، 6حسن ابدال

ضلع کے شمال مغرب میں پاکستان کا سب سے بڑا دریائے سندھ گزرتا ہے جس کے کنارے اٹک کا مشہور قلعہ واقع ہے۔ اس علاقہ کی اپنی تاریخ ہے۔ برصغیر پاک و ہند پر جو حملہ آور شمال مغرب کی طرف سے داخل ہوتے تھے ان کے ساتھ اس مقام پر مقابلہ کیا جاتا تھا اور انہیں آگے بڑھنے سے روکنے کی کوشش کی جاتی تھی۔ قلعہ اٹک کے معرض وجود میں آنے کی بھی یہی وجہ معلوم ہوتی ہے۔

حضرت مسیح موعود کی بعثت کے آغاز پر ہی پنجاب کی اس آخری حد سے بھی بعض سعید روحیں احمدیت کی طرف متوجہ ہوئیں اور مامور زمانہ کی مقناطیسی شخصیت کھینچ کر انہیں اپنے حلقۂ ارادت میں لے آئی جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ازلی ابدی قانون ہے۔

چنانچہ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''اور کوئی صاحب نور دنیا کی اصلاح کے لئے بھیجا جاتا ہے اور جب وہ آتا ہے تو اس کی طرف مستعد روحیں کھینچی چلی آتی ہے اور پاک فطرتیں خود بخود رو بحق ہوتی چلی جاتی ہیں اور جیسا کہ ہرگز ممکن نہیں کہ شمع کے روشن ہونے سے پروانہ اس طرف رخ نہ کرے ایسا ہی یہ بھی غیر ممکن ہے کہ بروقت ظہور کسی صاحب نور کے صاحب فطرت سلیمہ کا اس کی طرف بارادت متوجہ نہ ہو۔''

(براہین احمدیہ۔ روحانی خزائن جلد اول ص646)

اس ضمن میں حضرت ملک نواب خان صاحب (پیرانہ تحصیل پنڈی گھیپ ضلع اٹک) حضرت ملک نور خان صاحب (سروالہ تحصیل و ضلع اٹک) حضرت میاں جان محمد صاحب (اٹک خورد تحصیل و ضلع اٹک) قابل ذکر ہیں۔ جنہوں نے دیوانوں اور پروانوں کی طرح قادیان کا رخ کیا اور حضرت مسیح موعود کی دستی بیعت کی۔ ان کے علاوہ کئی ایسے رفقاء مسیح موعود ہیں جو سروس کے سلسلہ میں اس ضلع میں تشریف لائے اور پھر یہیں کے ہوکر رہ گئے۔ ان میں حضرت پیر فیض احمد صاحب بطور خاص قابل ذکر ہیں جو اصل میں ضلع گجرات کے تھے اور حضرت حافظ روشن علی صاحب کے خاندان کے چشم و چراغ تھے۔ وہ غالباً ملازمت کے سلسلہ میں اٹک آئے لیکن یہیں کے ہوکر رہ گئے اور وفات پا کر اٹک میں ہی مدفون ہوئے۔ 2 ستمبر 2004ء کے الفضل ربوہ میں ان کی ایک صاحبزادی کی طرف سے ان کے بارے میں ایک مضمون شائع ہوا ہے۔ حضرت ملک نواب خان صاحب، حضرت ملک نور خان صاحب اور حضرت میاں جان محمد صاحب کا ذکر خاکسار اپنے دو مضامین میں پہلے بھی کر چکا ہے جو روزنامہ الفضل ربوہ میں 14 راکتوبر 2002ء اور 29 راگست 2003ء شائع ہوئے تھے۔

ان کے علاوہ بھی بعض ایسے رفقاء تھے جو سروس کے سلسلہ میں یہاں کچھ عرصہ رہے اور پھر واپس کسی اور جگہ جا کر وہاں یا مرکز سلسلہ میں پہنچ کر اپنے مولیٰ کے حضور حاضر ہوگئے۔ ایسے رفقاء میں حضرت ڈاکٹر گوہر دین صاحب قابل ذکر ہیں۔ ان کا ذکر بھی (ملک سلطان رشید صاحب سابق امیر ضلع اٹک کے حوالے سے) الفضل ربوہ 29 راگست 2003ء کے شمارے میں آچکا ہے۔

حضرت مسیح موعود کی کتاب ''آئینہ کمالات اسلام'' میں کیفیت جلسہ 27 دسمبر 1892ء بمقام قادیان ضلع گورداسپور کے ذیلی عنوان سے مرقوم ہے کہ اس جلسہ کے موقع پر اگرچہ پانچ سو کے قریب لوگ جمع ہو گئے تھے لیکن وہ احباب اور مخلص جو محض للہ شریک جلسہ ہونے کے لئے دور دور سے تشریف لائے ان کی تعداد قریب تین سو پچیس کے پہنچ گئی تھی۔

چنانچہ تین سو ستائیس افراد کی فہرست شائع کی گئی جو کہ باہر سے تشریف لانے والے احباب تھے اس فہرست میں دو احباب مکھڑ ضلع اٹک (سابق ضلع راولپنڈی) کے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں۔

(264) میاں پیر بخش صاحب خوجہ مکھڑ ضلع راولپنڈی

(265) چوہدری محمد سعید صاحب مکھڑ ضلع راولپنڈی

مکھڑ تحصیل جنڈ ضلع اٹک میں واقع ہے۔

اس طرح یہ دو رفقاء بھی اس علاقہ کے تھے جنہیں بہت ابتداء میں احمدیت قبول کرنے اور رفقاء مسیح موعود میں شامل ہونے کی سعادت نصیب ہوئی۔

اٹک کے ابتدائی احمدیوں میں ڈاکٹر بشارت احمد صاحب کا بھی نام ملتا ہے جو اٹک میں سول سرجن رہ چکے ہیں لیکن خلافت ثانیہ کے آغاز پر غیر مبائعین میں شامل ہوگئے تھے۔ حضرت ڈاکٹر سید میر محمد اسماعیل صاحب نے اپنے ایک اہم مضمون میں ان کا ذکر اٹک (کیمبل پور) کے حوالہ سے کیا ہے۔ حضرت میر صاحب کے الفاظ یہ ہیں۔

'' 1908ء ماہ فروری کا واقعہ ہے کہ میں راولپنڈی تین ماہ کے لئے سول ہاسپٹل میں متعین ہوکر گیا۔ ان دنوں جماعت کے ہفتہ وار جلسے اور جمعہ کی نماز حکیم شاہنواز صاحب کے مکان پر ہوا کرتی تھی جس میں ڈاکٹر بشارت احمد صاحب بھی کیمبل پور سے آکر گاہے بگاہے شامل ہوا کرتے تھے۔ جمعہ کبھی ڈاکٹر صاحب پڑھاتے تھے کبھی حکیم صاحب کبھی یہ خاکسار ......''

(الفرقان ربوہ مئی جون 1965ء ص39)

اس حوالے کی طرف میرے بہنوئی رفاقت احمد صاحب نے رہنمائی فرمائی۔ پھر بعض اکابر رفقاء کا اس علاقے میں تشریف لانا ثابت ہے جیسا کہ حضرت مولانا نورالدین صاحب (خلیفۃ المسیح الاول) کوٹ فتح خان تحصیل فتح جنگ ضلع اٹک تشریف لائے آپ کے کوٹ فتح خان کے رئیس کے ساتھ ذاتی تعلقات تھے۔ حضرت خلیفہ اول کے ہی زیر کفالت بچپن میں بھیرہ میں رہنے والے ایک رفیق حضرت ماسٹر سردار عبدالرحمٰن صاحب (سابق مہر سنگھ) نہایت ابتداء میں سروالا (جو اٹک شہر سے ملحقہ گاؤں ہے) بطور مدرس تشریف لائے اور ان کے ذریعے ہی یہاں سے دو سعید روحوں نے صداقت کو قبول کیا اور قادیان پہنچ کر حضرت مسیح موعود کی دستی بیعت کی۔ میری مراد حضرت ملک نور خان صاحب اور حضرت میاں جان محمد صاحب سے ہے۔

ایک اور رفیق مسیح موعود حضرت ڈاکٹر مرزا عبدالکریم صاحب اٹک کے ایک سابق امیر ضلع (ڈاکٹر مرزا عبدالرؤف صاحب) کے والد کا بھی اٹک میں کئی سال تک رہنا ثابت ہے۔

حضرت ڈاکٹر عبدالکریم صاحب کے والد کا نام حضرت مرزا محمد اسماعیل صاحب تھا۔ یہ دونوں باپ بیٹا رفقاء مسیح موعود میں شامل ہیں۔ ان لوگوں کا اصل علاقہ تو ترگڑی ضلع گوجرانوالہ تھا لیکن معلوم ہوتا ہے کہ قادیان جا کر رہائش پذیر ہوگئے تھے اور متحدہ ہندوستان کی تقسیم کے بعد پاکستان آگئے۔ حضرت ڈاکٹر مرزا عبدالکریم صاحب کے ایک فرزند ڈاکٹر مرزا عبدالرؤف صاحب نے کیمبل پور (موجودہ اٹک) میں پریکٹس شروع کی اور یہیں آباد ہوگئے۔ (غالباً 1992ء تک ڈاکٹر مرزا عبدالرؤف صاحب اٹک کے امیر ضلع رہے ہیں۔ پھر لندن نقل مکانی کر گئے)

اپنے بیٹے (ڈاکٹر مرزا عبدالرؤف صاحب) کی وجہ سے رفیق مسیح موعود حضرت مرزا عبدالکریم صاحب سالہا سال تک اٹک میں ہی قیام پذیر رہے (پہلے ریلوے میں بطور ڈسپنسر ملازمت کرتے رہے ہیں)

حضرت ڈاکٹر عبدالکریم صاحب 1965ء میں فوت ہوگئے۔ تدفین بہشتی مقبرہ ربوہ میں ہوئی۔

ایک اور معروف رفیق مسیح موعود حضرت مولوی خان ملک صاحب کھیوالی کا بھی اٹک میں آنا ثابت ہے۔ بھیرہ کی تاریخ احمدیت میں لکھا ہے کہ

''حضرت مولوی خان ملک صاحب مصنف قانونچہ کھیوالی (گرائمر) ...... ایک مشہور عالم دین اور نیکوکار بزرگ ...... مخدوم محمد عثمان صاحب نے اپنی اولاد کی اعلیٰ تعلیم و تربیت کے لئے حضرت مولوی خان ملک صاحب ...... کو اتالیق مقرر فرمایا ...... لیکن جلالپور ضلع جہلم کے پیرومرشد جناب پیر حیدر شاہ صاحب انہیں بچوں کی تعلیم و تربیت کے لئے مانگ کر لے گئے اور مخدوم صاحبان کے اتالیق مولوی صاحب موصوف کے فرزند ارجمند حضرت مولوی عبدالرحمٰن صاحب مقرر ہوئے جنہوں نے تقریباً تمام عمر بھیرہ میں بسر کی۔

حضرت مولوی خان ملک صاحب جلالپور سے فارغ ہوکر کیمبلپور تشریف لے گئے پھر قادیان گئے اور 313 (رفقاء) میں شامل ہوگئے۔ وہیں فوت ہوکر بہشتی مقبرہ (قادیان) میں دفن ہوئے۔ حافظ مبارک

احمد صاحب انہیں کے پوتے ہیں۔''

(بھیرہ کی تاریخ احمدیت ص59 از میاں فضل الرحمٰن بسمل)

خاکسار نے مولانا دوست محمد صاحب شاہد مؤرخ احمدیت سے ان کے بارہ میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے ایک عریضہ لکھا تھا جس کے جواب میں مولانا نے اپنے مکتوب میں تحریر فرمایا ''حضرت مولوی خان ملک صاحب اور ان کے فرزند مولوی عبدالرحمٰن صاحب دونوں رفقاء خاص 313 میں سے تھے اور ضمیمہ انجام آتھم کی فہرست میں حضرت اقدس نے بالترتیب نمبر 197 اور نمبر 203 پر ان کا نام درج فرمایا ہے۔ کھیوا یا کھیوالی ضلع جہلم میں تھا (اب ضلع چکوال میں ہے) جیسا کہ ضمیمہ انجام آتھم کی فہرست کے نمبر 203 پر بھی وضاحت موجود ہے۔ عاجز کو حضرت مولوی حافظ مبارک احمد صاحب کے ادنیٰ تلامذہ میں سے ہونے کا شرف حاصل ہے۔ فالحمدللہ''

اٹک میں آپ کی آمد کی وجہ تو معلوم نہیں ہو سکی لیکن اتنا ثابت ہے کہ آپ اٹک میں تشریف لائے تھے اور پھر قادیان ہجرت کر گئے تھے اور اٹک میں آپ کے علم کا اتنا شہرہ تھا کہ بڑے بڑے علماء یہ جاننے کے باوجود کہ آپ احمدی ہیں آپ کے اعزاز میں کھڑے ہو جاتے تھے۔

پس یہ وہ ضلع ہے جہاں ابتداء میں ہی مسیح موعود کے عشاق پیدا ہو گئے اور انہوں نے اپنے پاک وجودوں کے ذریعے احمدیت کی ابتدائی تاریخ کو رقم کیا۔ علاقے کے بعض رؤسا کا بھی خلفاء مسیح موعود سے تعلق رہا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول کا کوٹ فتح خان کے رئیس کے ساتھ تعلق کا ذکر گزر چکا ہے۔

تحصیل جنڈ میں مکھڈ شریف کے پیر صاحب کا حضرت مصلح موعود سے تعلق رہا ہے۔ ایک بار جب حضرت مصلح موعود بذریعہ ٹرین اس علاقے سے گزرے تو پیر صاحب کھانا لے کر حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے۔

حضرت مسیح موعود کی بعثت سے لے کر تحریک جدید کے آغاز تک یہاں کئی جماعتیں قائم ہو چکی تھیں چنانچہ تحریک جدید کے پانچ ہزار مجاہدین کی فہرست میں کیمبلپور شہر، واہ چھاؤنی، کوٹ فتح خان، محمودہ، چک امرال، حسن ابدال، جنڈ، حضرو، شادی خان، کسراں، چونترہ کے افراد کے اسماء ملتے ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت ضلع کیمبلپور (اٹک) میں کئی جماعتیں قائم تھیں۔

کئی خاندانوں کے نقل مکانی کی وجہ سے جماعتوں اور افراد جماعت کی کیفیت میں مدوجزر ہوتا رہا اور اس وقت ضلع بھر میں صرف سات چھوٹی چھوٹی جماعتیں قائم ہیں۔

اب جبکہ جماعت دنیا بھر کے 178 ممالک تک پھیل چکی ہے ہمیں ان علاقوں اور ابتدائی رفقاء کو ہرگز بھولنا نہیں چاہئے۔ جن سے سلسلہ کا آغاز ہوا یا انہی کی قربانیوں اور دعاؤں کا فیض ہے کہ جماعت پھیلتی چلی جاری ہے۔ الحمدللہ

ان ابتدائی رفقاء کا جو مسیح موعود کے روحانی لشکر کا ہراول دستہ ہے بہت بڑا مقام ہے۔ قرآن کریم میں ہے کہ جو بعد میں آئے وہ کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! ہمیں بخش دے اور ہمارے ان بھائیوں کو بھی جو ایمان میں ہم پر سبقت لے گئے اور ہمارے دلوں میں ان لوگوں کے لئے جو ایمان لائے کوئی کینہ نہ رہنے دے۔ اے ہمارے رب! یقیناً تو بہت شفیق اور بار بار رحم کرنے والا ہے۔ (الحشر:11) ہمیں بھی یہی طریق اپنانا چاہئے۔

راقم الحروف کو بھی یہ سعادت حاصل ہے کہ وہ بھی رفقاء مسیح موعود کی نسل میں سے ہے (جن کا تعلق حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے مولد و مسکن بھیرہ سے تھا) اور دعا کرتا ہوں کہ ''اے میرے پروردگار مجھ کو اس بات کی توفیق دے کہ تو نے جو مجھ پر اور میرے ماں باپ پر احسانات کئے ہیں تیرے ان احسانات کا شکریہ ادا کرتا رہوں اور مجھے اس بات کی بھی توفیق دے کہ میں کوئی ایسا نیک عمل کروں جس سے تو راضی ہو جائے اور میرے پر یہ بھی احسان کر کہ میری اولاد نیک بخت ہو اور میرے لئے خوشی کا موجب ہو اور میں اولاد پر بھروسہ نہیں کرتا بلکہ ہر ایک حاجت کے وقت تیری طرف رجوع کرتا ہوں اور میں ان میں سے ہوں جو تیرے آگے اپنی گردن رکھ دیتے ہیں اور نہ کسی اور کے آگے۔''

(چشمہ معرفت۔ روحانی خزائن جلد 23 ص 209)

تعریف کے قابل ہیں یارب تیرے دیوانے
آباد ہوئے جن سے دنیا کے ہیں ویرانے
فرزانوں نے دنیا کے شہروں کو اجاڑا ہے
آباد کریں گے اب دیوانے یہ ویرانے

مجلس خدام الاحمدیہ بینن کا سالانہ اجتماع

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے دورہ بینن کے دوران خدام الاحمدیہ کی نیشنل مجلس عاملہ سے میٹنگ میں صدر صاحب خدام الاحمدیہ کی میعاد مکمل ہو جانے کی وجہ سے انتخاب کروانے کا ارشاد فرمایا جس کی تعمیل میں مجلس عاملہ نے 25 دسمبر 2004ء کو دو روزہ اجتماع اور الیکشن برائے صدر کروانے کا فیصلہ کیا اور محترم شہود راجی صاحب کو ناظم اعلیٰ مقرر کر کے اگست سے اجتماع کی تیاریاں شروع کر دی گئیں۔ ناظم اعلیٰ نے انتظامیہ تشکیل دے کر گاہے بگاہے چھ سات اجلاس کئے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے تمام ناظمین نے بڑی محنت سے کام کیا۔

اجتماع کے موقع پر نمائش کا انتظام کیا گیا۔ نمائش پر تین طرح کے سٹال تھے۔ ایک جماعتی لٹریچر کا جس پر جماعتی کتب، رسائل، پمفلٹس اور مختلف چارٹس رکھے گئے تھے۔ دوسرا کمپیوٹر کا جس میں مختلف مناظر، حضرت اقدس مسیح موعود، خلفاء کرام رفقاء حضرت مسیح موعود، شہداء احمدیت، بینن میں جماعتی مساعی، حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کے دورہ بینن نیز اجتماع کے ہر سیشن کی متحرک تصاویر اجتماع کے دونوں دن دکھائی جاتی رہیں۔ جبکہ تیسرا سٹال طب کا تھا جس پر مختلف ادویات رکھی گئی تھیں۔

